01/04/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ  مسرت شاہ سے خبریں سُنئے

امت شاہ

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج سے جموں و کشمیر کے تین روزہ دورے پر ہوں گے جہاں وہ سیکورٹی صورتحال کا جائزہ لیں گے اور سیکورٹی اہلکاروں سے بات چیت کریں گے۔

اپنے تین روزہ دورے کے سلسلے میں وہ آج دوپہر بعد جموں پہنچیں گے جہاں وہ شام کو بی جے پی ایم ایل ایز سے ملاقات کریں گے اور اس کے علاوہ یونیفائیڈ ہیڈ کوارٹر کی دو اہم الگ الگ سیکورٹی جائزہ میٹنگونکی صدارت کریں گے۔ یونیفائیڈ ہیڈ کوارٹر س کی میٹنگ میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا بھی موجود ہوں گے۔ توقع ہے کہ بات چیت انسداد دہشت گردی کی کارروائیوں، سرحد پار سے دراندازی کی کوششوں اور جموں و کشمیر میں سیکورٹی کے مجموعی منظر نامے پر مرکوز ہوگی۔ امت شاہ سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کیلئے سیکورٹی اور دیگر انتظامات کا بھی جائزہ لیں گے ۔

مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ جموں میں امت شاہ کے ساتھ شامل ہوں گے۔ وزیر داخلہ کل سہ پہر تک جموں میں رہیں گے اور بعد میں سرینگر کے لئے روانہ ہونگے۔

وہ سرینگر سے کروڑوں کے پروجیکٹوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد بھی رکھیں گے۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ بھی ترقیاتی پروجیکٹوں کو وقف کرنے کی تقریب میں شامل ہوں گے اور امکان ہے کہ وہ وزیر داخلہ سے الگ ملاقات بھی کریں گے۔ شاہ 8اپریل کو نئی دہلی واپس لوٹیں گے۔

بل

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے پارلیمنٹ کی منظوری کے بعد وقف (ترمیمی) بل 2025کو اپنی منظوری دے دی ہے۔ صدارتی منظوری کے بعد یہ قانون بن گیا ہے۔

صدر جمہوریہ نے مسلم وقف (منسوخ) بل 2025 کو بھی منظوری دے دی ہے۔

سپریم کورٹ

سپریم کورٹ کالجیم نے پنجاب اور ہریانہ کے ہائی کورٹ کے جج جسٹس ارون پالی کو جموں و کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کے طور پر تقرری کی سفارش کی ہے۔

جموں و کشمیر اور لداخ کے ہائی کورٹ کے موجودہ چیف جسٹس جسٹس تاشی ربستان 9 اپریل کو اپنی خدمات سے فارغ ہو رہے ہیں۔

چیف سیکرٹری

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے کہا ہے کہ نشہ مکت جموں کشمیر صرف ایک مہم نہیں بلکہ نوجوانوں کی حفاظت اور مستقبل کو محفوظ بنانے کا ایک مشن ہے ۔ نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت پانچ ماہ طویل آئی ای سی مہم کا باضابطہ آغاز کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ لوگوں کو نہ صرف منشیات سے دور رکھا جائے بلکہ مقصد کے حصول کے لئے صحیح راستوں کی طرف رہنمائی کی جانی چاہئے ۔

چیف سیکرٹری نے ہدایت دی کہ ضلعی انتظامیہ عوام کی شمولیت کو یقینی بنائیں اور فیلڈ سطح کی سرگرمیوں میں فعال طور پر شامل رہیں ۔

منشیات

منشیات کے خلاف جنگ میں ایک بڑی کامیابی میں اننت ناگ میں پولیس نے دوران شب مٹن Wantrag پولیس اسٹیشن کے تحت آنے والے گاوں میں تین الگ الگ رہائشی مکانات سے منشیات کی ایک بڑی مقدار ضبط کی ۔ جس میں محمد عبد اللہ خان سے 23کلوگرام سے زیادہ چرس پاوڈر ، شیر افضل خان کے قبضے سے تقریباً چار کلو گرام چرس اور نو شاد پٹھان کے گھر سے چار کلو گرام چرس پاوڈر بر آمد کی گئی ہے ۔ سبھی ملزموں کو گرفتار کیا گیا ہے۔

SSCL

ڈاکٹر اویس احمد نے موثر اور انٹیلی جنٹ ٹریفک مینجمنٹ CEO سرینگر سمارٹ سٹی لمیٹڈ کے سسٹم کے حوالے سے سبھی متعلقین کے ساتھ ایک میٹنگ کی صدارت کی ، جس میں خاص طور پر کرن نگر اسٹریچ پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔

انہوںنے کہا کہ احسن ٹریفک منیجمنٹ نظام سے متعلق متعدد اہم اقدامات کا مقصد سرینگر میں نقل و حرکت کو بہتر بنانا ہے ۔ انہوں نے یقین دلایا کہ آنے والے دنوں میں سرینگر شہر میں ایک بہتر ٹریفک نطام دیکھنے کو ملے گا ۔

امرناتھ یاترا

صحت اور طبی تعلیم کے محکمے نے مرکزی وزارت صحت اور فیملی ویلفیئر کے تعاون سے سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کے لئے قومی جائزہ میٹنگ منعقد کی ۔

ہیلتھ اینڈ میڈیکل ایجوکیشن کے سکریٹری ڈاکٹر سید عابد رشید نے میٹنگ کی صدارت کی ۔ انہوں نے یاتریوں کے لئے صحت کی دیکھ بھال کے ایک مضبوط نظام کو یقینی بنانے کے لئے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔

رام نومی

رام نومی کا تہوار آج ملک کے مختلف حصوں میں مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ رام نومی چیترا مہینے کے نویں دن منایا جاتا ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ،لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ،وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ،کئی وزراءاور کشمیر وی کے بردی نے رام نومی کے موقعہ پر مبارک باد دیتے ہوئے عوام کے تئیں اپنی IGP نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے ۔

بھارتیہ جنتا پارٹی

بھارتیہ جنتا پارٹی آج اپنا 45 واں یوم تاسیس منا رہی ہے ۔ اس موقعہ پر وزیر اعظم نریندر مودی نے بی جے پی صدر جگت پرکاش نڈا کے ساتھ پارٹی کارکنوں کو مبارکباد دیتے ہوئے پارٹی کے سینئر لیڈروں کو خراج عقیدت پیش کیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ